| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ق' | دن: | پہلا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ق' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے دو) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو''حروف تہجی اُردو کے نظم'' سنائی جائے گی بچوں سے حروف 'ا تا ف' کا تلفظ، صوتی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | حروف فلیش کارڈ<br>اشیاء فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ق' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ق' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ق' کا فلیش کارڈ دکھایا جائے گا اور بتایا جائے گا کہ یہ حرف 'ق' ہے۔ اس کے اوپر دو نقطے آتے ہیں۔ 'ق' حروف تہجی کا اٹھائیسواں حرف ہے۔ 'ق' کی صوتی آواز بتائی جائے گی۔ بچوں کو قرآن مجید کا فلیش کارڈ دکھا کر بتایا جائے گا کہ یہ مسلمانوں کی کتاب ہے۔ ہم سب مسلمان ہیں اس کا نام قرآن مجید ہے بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ق' کو درست تلفظ سے بولنا سیکھیں گے اور حرف 'ق' کے ذخیرہ الفاظ (قلم، قمیض، قائداعظم، قرآن، قصائی، قلابازی، قینچی) فلیش کارڈ کے ذریعے جانیں گے۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو ورک شیٹ دی جائے گی اور قوس وقزح میں رنگ بھرنے کو کہا جائے گا بچوں کو بتایا جائے گا کہ قوس وقزح میں سات رنگ ہوتے ہیں۔ | 20 منٹ | ورک شیٹ<br>رنگین پنسلیں | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے 'ق' کی صوتی آواز پوچھی جائے گی۔ 'ق' کے اوپر کتنے نقطے آتے ہیں اور کون سے حرف کے بعد 'ق' آتا ہے پوچھا جائے گا۔ | 5 منٹ | | |

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ق' | دن: | دوسرا |

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ق' کی پہچان کرسکیں'۔ اس کی صوتی آواز اوراس سے شروع ہونے والے الفاظ ( کوئی سے چار) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو حروف تہجی اردو کے نظم سنائی جائے گی۔ بچوں کو 'ق' کا فلیش کارڈ دکھا کر اس کا تلفظ، صوتی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ق' کی نظم سنیں گے۔<br>قلفی والا آیا مزے کی قلفی لایا<br>پہلے دودھ جمایا قلفی والا آیا<br>( ٹھنڈی، ٹھنڈی باداموں والی ) ( قلفی کھا کر خوب مزہ آیا ) حرف 'ق' سے شروع ہونے والی اشیاء پی پی ٹی پر دکھائی جائیں گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ کمرہ جماعت میں حرف 'ق' کے فلیش کارڈ چھپے ہیں۔ بچے انہیں تلاش کر کے اس کا نام بتائیں گے۔ بچوں سے کہا جائے گا کہ کتاب صفحہ نمبر 66 کھولیں۔ بچوں سے 'ق' پر انگلی پھیرنے کو کہا جائے گا۔ بچوں کو 'ق' سے شروع ہونے والے الفاظ بتائے جائیں گے۔ حرف 'ق' کی صوتی آواز کی دہرائی بار بار کروائی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے قلم اور قرآن کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>دی گئی تصاویر میں حرف 'ق' کی تصاویر میں رنگ بھریے۔ | 10 منٹ<br>20 منٹ<br>5 منٹ | فلیش کارڈ<br>پی پی ٹی<br>تصاویر فلیش کارڈ<br>کتاب صفحہ نمبر 66<br>ورک شیٹ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ق' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ق' کی نشاندہی کرنے پر |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ق' | دن: | تیسرا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ق' کو پہچان کرسکیں' ۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے (چار الفاظ) بتاسکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ق' کا تلفظ، اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔ حرف 'ق' کی نظم دہرائی جائے گی۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم 'ق' کی کہانی سنیں گے۔<br>قدسیہ اور قدیر ٹی وی والے کمرے میں بیٹھے تھے قدسیہ اپنی قمیض کے بٹن لگا رہی تھی۔ اس کے پاس ایک قینچی بھی تھی۔ قدیر بیٹھا ٹی وی دیکھ رہا تھا قدسیہ نے کہا کہ قدیر اپنی پڑھائی کرو ہمیں وقت کی قدر کرنی چاہیے۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو حرف 'ق' کے کٹ آؤٹس دے کر اس میں رنگ بھروایا جائے گا بچوں کو ہوپ سکوچ گیم کھیلائی جائے گی جس میں بچے حرف 'ف' اور 'ق' میں سے 'ق' کی نشاندہی کریں گے۔ ق کی صوتی آواز بار بار دہرائی جائے گی۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے قائداعظم اور قمیض کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5منٹ<br><br>10منٹ<br><br>20منٹ<br><br>5منٹ | فلیش کارڈ<br><br>'ق' کے کٹ آؤٹس رنگ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ق' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ق' کی نشاندہی کرنے پر |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ق' | دن: | چوتھا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہوسکیں گے کہ 'حرف 'ق' کو پہچان کرسکیں'۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ ( کوئی سے سات )اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>حرف 'ق' کا تلفظ، اس کی آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء کے نام دہرائے جائیں گے۔حرف 'ق' کی کہانی کے بارے میں بچوں سے پوچھا جائے گا اور اس میں استعمال ہونے والے 'ق' کے الفاظ پوچھے جائیں گے۔ | 5 منٹ | فلیش کارڈ | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ق' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ق' کی نشاندہی کرنے پر |
| | **تعارف:**<br>بچوں کو بتایا جائے گا کہ آج ہم حرف 'ق' کے مزید الفاظ جانیں گے بچوں کو فلیش کارڈ کے ذریعے قصائی، قلا بازی اور قینچی کی تصاویر دکھائی جائیں گی۔بچوں سے ان الفاظ کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 10 منٹ | | |
| | **مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں کو پلے ڈو سے حرف 'ق' بنانے کی مشق کروائی جائے گی تختہ سیاہ پر ق کی نقطے بنوانے کی مشق کروائی جائے گی۔بچوں سے کہا جائے گا کہ کتاب صفحہ نمبر 67 کھولیں بچوں کو کہا جائے گا کہ دی گئی تصاویر کے نام بتایئے بچوں سے پوچھا جائے گا کہ کیا فاختہ کی ابتدائی آواز 'ق' ہے؟ بچوں کو 'ق' کی تصاویر کے گرد دائرہ لگانے اور 'ق' پر درست بناوٹ کے ساتھ پینسل پھیرنے کو کہا جائے گا۔ | 20 منٹ | پلے ڈو<br>کتاب صفحہ نمبر 67 | |
| | **اختتامیہ:**<br>بچوں سے قلا بازی اور قصائی کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔ | 5 منٹ | | |

| مضمون: | اردو | جماعت: | پلے گروپ | موضوع: | حرف 'ق' | دن: | پانچواں |
|---|---|---|---|---|---|---|---|

| حاصل سبق | طریقہ تدریس | وقت | وسائل | جانچ |
|---|---|---|---|---|
| سبق کے اختتام تک طالب علم اس قابل ہو سکیں گے کہ 'حرف 'ق' کو پہچان کر سکیں'۔ اس کی صوتی آواز اور اس سے شروع ہونے والے الفاظ (کوئی سے چار) اور اس کی بناوٹ جان سکیں۔ | **دہرائی:**<br>بچوں کو 'ق' کے تمام الفاظ فلیش کارڈ کے ذریعے دکھا کر ان کی ابتدائی آواز اور اشیاء کے نام پوچھے جائیں گے۔<br>**تعارف:**<br>بچوں کو حرف 'ق' کا فلیش کارڈ دکھا کر پوچھا جائے گا کہ ہم کون سا حرف کر رہے ہیں۔ بچوں سے Sand Letters پر حرف 'ق' کی درست بناوٹ کی مشق کروائی جائے گی۔<br>**مرکزی سرگرمی:**<br>بچوں سے کاپی میں حرف 'ق' پر پینسل پھیرنے کی مشق کروائی جائے گی ہر بچے کی انفرادی طور پر نگرانی کی جائے گی تاکہ وہ اپنا کام مقررہ وقت میں مکمل کر سکے۔<br>**اختتامیہ:**<br>بچوں سے قرآن، قلم، قائداعظم، قینچی، قلابازی، قصائی اور قمیص کی ابتدائی آواز پوچھی جائے گی۔<br>**گھر کا کام:**<br>کاپی میں حرف 'ق' پر پینسل پھیریے۔ | 3 منٹ<br>5 منٹ<br>30 منٹ<br>2 منٹ | فلیش کارڈ<br>Sand Letters<br>کاپی ورک | بچوں کو غیر رسمی طور پر جانچا جائے گا حرف 'ق' کا درست تلفظ، آواز اور اس سے شروع ہونے والی اشیاء میں حرف 'ق' کی نشاندہی کرنے پر |